CADET COLLEGE PETARO

SYLLABUS OUTLINE
URDU COMPULSORY, CLASS VIII

اُردو کے پرچے کے لیے خاص نکات

- پرچے کا دورانیہ ۱ گھنٹہ ہوگا۔
- پرچے کے لیے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی شائع کردہ ساتویں جماعت کی (تازہ اشاعت) کتاب کو منتخب کیا گیا ہے۔
- امتحانی پرچے میں سوالات کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
- کثیرالانتخابی (MCQ)، مختصر سوالات اور تفصیلی سوالات کے جوابات۔
- کثیرالانتخابی اور مختصر سوالات، اسباق و نظم کی مشقوں سے بنائے جائیں گے جن میں قواعد و انشاء (گرامر) سے متعلق سوالات بھی دیے جائیں گے۔
- تفصیلی سوالات میں تشریح کے لیے اشعار نصابی نظموں سے دیے جائیں گے۔
- تفصیلی سوالات میں شامل مختصر مضمون اور دس جملوں پر مشتمل پیراگراف کے موضوعات عام فہم یا نصابی کتاب کے اسباق و مضامین سے متعلق ہوں گے۔

CADET COLLEGE PETARO

CLASS–VIII

MODEL TEST PAPER

URDU COMPULSORY

Time: 1 Hour	Max. Marks: 100

(کثیرالانتخابی سوالات)

سوال نمبر۱: نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے درست جوابات پر ( ) کا نشان لگائیے (۴۰)

(۱) اللہ تعالیٰ سرچشمۂ کمال ہے کیوں کہ اس نے سب کو کمالات: (الف) دکھائے ہیں (ب) بخشے ہیں (ج) بتائے ہیں (د) سنائے ہیں۔

(۲) سبق ''ایثار'' کا مرکزی کردار ہے: (الف) بوڑھا (ب) خلیفہ (ج) نوجوان (د) صحابی

(۳) قوم کی جڑیں کمزور ہونے کی وجہ ہوتی ہے۔ (الف) طوفان (ب) اخلاقی کمزوری (ج) غربت (د) پریشانی

(۴) آپا صدیقہ کا ذکر سبق میں ہے۔ (الف) ایثار (ب) ہمدردی (ج) نظم وضبط (د) نوری جام تماچی

(۵) ''حشرات لارض'' سے مراد ہے۔ (الف) چوپائے (ب) پرندے (ج) درندے (د) کیڑے مکوڑے

(۶) ''اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا''، یہ مصرع ہے۔ (الف) حمد کا (ب) نعت کا (ج) نظم ''پانی'' کا (د) نظم ''رات'' کا

(۷) اس کتاب میں مولوی اسماعیل میرٹھی کی نظم شامل ہے۔ (الف) وطن کے پاسباں (ب) رات (ج) پانی (د) میری کہانی

(۸) قائداعظم نے قیادت سنبھالی۔ (الف) مسلم لیگ کی (ب) پاکستان لیگ کی (ج) عوامی لیگ کی (د) اسٹوڈنٹس لیگ کی

(۹) رائٹ برادران نے پہلی پرواز کی۔ (الف) امریکہ میں (ب) فرانس میں (ج) جرمنی میں (د) انگلستان میں

(۱۰) یوم استقلال منایا جاتا ہے۔ (الف) ۱۴ اگست کو (ب) ۲۸ مئی کو (ج) ۵ فروری کو (د) ۲۳ مارچ کو

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی بھی چار سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (۲۰)

(۱)۔ نوجوان کو صحرا میں کس چیز کی تلاش تھی ؟

(۲)۔ کوئی بھی دو الفاظ و محاورات اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ خطاکار ۔ آنکھیں دیکھنا۔ دم نکلنا ۔ جدوجہد۔

(۳)۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیے؟ بدقسمتی۔ زندگی۔ تاریکی۔ عوام۔ مصروف۔

(۴)۔ واحد، جمع لکھیے ۔ مشکلات۔ فساد ۔ شخص ۔ اجسام۔ شہید۔

(۵)۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر پہاڑ کیوں کھڑے کیے ہیں؟

سوال نمبر۳۔ دس سطروں یا دس جملوں میں لکھیے کہ گاؤں کی زندگی شہر کی زندگی سے بہتر ہے۔ (۲۰)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی بتائیے۔ (۲۰)

۔ ارض پاک مرکز ہے قوم کی امیدوں کا اس زمیں کی مٹی میں خون ہے شہیدوں کا

۔ کہاں چین یہ بادشاہ کو نصیب کہ جس بے غمی سے ہیں سوتے غریب

سوال نمبر۵ کسی ایک موضوع پر مختصر مضمون لکھیے۔ (۲۰)

(۱) فٹ بال (۲) میری پسندیدہ شخصیت (۳) موبائل فون کے نقصانات